مسیحی تعلیمی ادارے واپس کر دینے چاہئیں کیوں کہ " یہ مسیحیوں کی اپنی جائیدادیں ہیں اور اسلام ناجائز قبضہ کی اجازت نہیں دیتا۔"

"اقلیتوں کو تمام بنیادی حقوق حاصل ہیں۔" پیٹر جان سہوترا

بالمیک سوامی جی کے یومِ ولادت کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیرمملکت برائے اقلیتی امور جناب پیٹر جان سہوترا نے کہا ہے کہ " پاکستان میں اقلیتوں کو تمام بنیادی حقوق حاصل ہیں اور مذہب کی بنیاد پر شہریوں کے درمیان کوئی تفریق نہیں برتی جارہی۔" انہوں نے مزید کہا کہ " حکومت نے اسلامی کردار کے عین مطابق ایسے انتظامات کیے ہیں کہ اقلیتوں کے بنیادی حقوق پر کوئی آنچ نہ آئے۔" (روزنامہ دی نیوز انٹرنیشنل، راولپنڈی - 24 اکتوبر 1991ء)

"عالمی یوم بشارت" اور "بائبل پروموشن ڈے"

اکتوبر کے آخری اتوار سے پہلا اتوار کیتھولک مسیحیوں کے ہاں "عالمی یومِ بشارت" کے طور پر منایاجاتا ہے۔ 1926ء میں "انجمن اشاعت ایمان" کی بانی پولین جیری کوٹ نے پاپائے اعظم پائس یازدہم سے اس یوم کومنانے کی منظوری لی تھی۔ اس روز مسیحی تعلیم وتدریس اور تبلیغی کاموں کے لیے عطیات اکٹھے کیے جاتے ہیں اور ہر مسیحی کو تبلیغ بائبل کی ذمہ داری سے آگاہ کیاجاتا ہے۔ اس سال "عالمی یوم بشارت" مسیحی کیتھولک برادری نے 20 اکتوبر 1991ء کو منایا۔

اشاعت بائبل کے سلسلے میں پاکستان بائبل سوسائٹی کے زیراہتمام کتھیڈرل چرچ لاہور میں بائبل پروموشن ڈے (یوم برائے فروغِ انجیل) کا اہتمام کیاگیا۔ پاکستان بائبل سوسائٹی کے صدر جناب الیگزینڈر جان ملک (بشپ آف لاہور) نے تقریب کا افتتاح کرتے ہوئے کہاکہ "آج کے ترقی کے دور میں کلام خدا ہر انسان کےلیے ضروری ہے۔"تقریب میں ہزاروں مسیحیوں نے شرکت کی۔(روزنامہ مساوات، لاہور- 19 اکتوبر 1991ء)

بشپ سموئیل عزرایا کی متحدہ عرب امارات میں مصروفیات

متحدہ عرب امارات میں عیسائیت کی موجودگی میں نہ صرف مغرب سے تلاش روزگار میں آنے والے کارکنوں نے اضافہ کیا ہے بلکہ پاکستان کی نسبتاً "سستی محنت" کی بھی وہاں پذیرائی